**17.01.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

---

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں مالدہ میں 3ہزار 250 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین نیز چار نئی امرت بھارت ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔
- ☆ وزیر اعظم نے ترنمول کانگریس سرکار پر مغربی بنگال میں مرکز کی بہبود کی اسکیموں میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام لگایا اور کہا کہ دراندازی، ریاست کیلئے سب سے بڑا چیلنج ہے۔
- ☆ جناب مودی نے کہا ہے کہ بوڈو امن معاہدے کے بعد ہزاروں بوڈو نوجوانوں نے ہتھیار ترک کر دیئے ہیں اور وہ اصل دھارے میں شامل ہوگئے ہیں۔ وزیر اعظم نے گواہاٹی میں روڈ شو کیا اور روایتی بوڈو ثقافتی پروگرام میں شرکت کی۔
- ☆ عالمی اقتصادی فورم کے تازہ سروے میں کہا گیا ہے کہ بھارت، روزگار پر بندشوں کو کم کرکے اصلاحات کے اپنے راستے پر آگے بڑھ رہا ہے۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو تین دن کے دوران اترپردیش میں بہت زیادہ گھنا کہرا، جبکہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور بہار میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ میں نوی ممبئی میں یوپی واریئرس نے ممبئی انڈینس کو 22رن سے ہرا دیا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Malada Rally**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مغربی بنگال کے مالدہ میں 3ہزار 250 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے چار نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ بھی کیا، جس سے ریاست میں ریل کنکٹی ویٹی اور بنیادی ڈھانچے کو بڑی تقویت ملے گی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مغربی بنگال کی ترقی میں تیزی لانے کی مہم کو

مالدہ سے نئی رفتار ملی ہے کیونکہ اِن پروجیکٹوں سے سفر کرنے، تجارت اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع دستیاب کرانے میں مزید بہتری آئے گی۔ وزیر اعظم نے ترنمول کانگریس سرکار کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور اِس بات کو اجاگر کیا کہ دراندازی، ریاست کا سب سے سنگین چیلنج ہے۔جناب مودی نے کہا کہ یہ سلسلہ ایک ایسے مرحلے پر پہنچ گیا ہے کہ جس سے خطے میں آبادی کا تناسب اور مقامی زبانیں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔

**S/B: PM - Infaltration**

جناب مودی نے کہا کہ ایک طرف جہاں کئی امیر ملک، غیر قانونی تارکینِ وطن کو واپس بھیج رہے ہیں، وہیں ترنمول کانگریس سرکار، سیاسی وجوہات سے ایسا کوئی قدم نہیں اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے اس معاملے کو ریاست کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے موقعوں کے فقدان کے ساتھ براہ راست منسوب کیا۔

وزیر اعظم نے ریاست کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پر مرکز کی بہبود کی اسکیموں میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام بھی عائد کیا، جن میں آیوشمان بھارت، پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا اور جَل جیون مشن شامل ہیں۔**CAG** کی ایک حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے جناب مودی نے الزام لگایا کہ جو رقومات، سیلاب سے متاثرہ لوگوں کو راحت پہنچانے کیلئے دستیاب کرائی گئی تھیں، **TMC** کے لیڈروں نے اُن کا بیجا استعمال کیا۔

اِس تقریب کی خاص بات، بھارت کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کا آغاز ہے، جو مغربی بنگال میں ہاوڑہ اور آسام میں گواہاٹی کو جوڑے گی۔ اِس سے جدید طرز کی سہولیات کے ساتھ طویل دوری کا سفر اور بھی آرام دہ ہو جائے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ پورے ملک میں اب ڈیڑھ سو سے زیادہ وندے بھارت ٹرینیں چل رہی ہیں، جس سے خاص طور پر غریبوں اور متوسط طبقے کے کنبوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ **x**

## PM Assam Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بوڈو امن معاہدے سے بوڈو برادری کو کافی فائدہ ہوا ہے اور ہزاروں نوجوان، ہتھیاروں اور تشدد کو ترک کرکے اصل دھارے میں شامل ہوگئے ہیں۔ وزیر اعظم نے آج شام گواہاٹی میں ارجن بھوگیشور بَروا اسپورٹس کمپلیکس میں روایتی بوڈو ثقافتی پروگرام **Bagurumba Dwhou-2026** میں شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے امن معاہدے کے بعد سے بوڈو لینڈ علاقائی خطے میں غیر معمولی ترقی کو اجاگر کیا، جس میں مرکزی سرکار کی طرف سے ڈیڑھ ہزار کروڑ روپے مالیت کے پیکیج کا اہم رول رہا ہے۔

**S/B: PM- Bodoland**

جناب مودی نے کہا کہ **BJP** کی زیر قیادت سرکار، ریاست کی سبھی روایات اور کلچر کا احترام کرتی ہے اور اُن کی سرکار نے ریاست کیلئے جو وعدے کیے تھے، اُن سبھی کو پورا کر دیا ہے۔ وزیر اعظم، آسام کے دو دن کے دورے پر گئے ہوئے ہیں۔ جناب مودی کل وہاں ایک ترقیاتی پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور دو ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Aminul Jwadder**

آج شام وزیر اعظم نے گواہاٹی میں **Bagurumba** رقص پرفارمنس دیکھی جو بوڈو کمیونٹی کے **10**ہزار سے

زیادہ فنکاروں نے پیش کی۔ کَل وزیر اعظم ناگاؤں ضلع میں Kaliabor میں 6ہزار 950 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے قاضی رنگا Eleveted کوریڈور پروجیکٹ کا بھومی پوجن کریں گے۔ یہ کوریڈور جانوروں کی بلارکاوٹ نقل وحرکت اور انسان اور جانوروں کے درمیان ٹکراؤ کے واقعات میں کمی کو یقینی بنائے گا۔ یہ روڈ سیفٹی میں اضافہ کرے گا، اس سے سفر کے وقت میں کمی آئے گی اور مسافروں اور مالبرداری کی بڑھتی ضرورت میں یہ مدد فراہم کرے گا۔ پروگرام کے دوران وزیر اعظم دو امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔ وزیر اعظم اس موقع پر لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

گواہاٹی سے امین الحق کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Shah Book Fair

وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں نئی دلّی عالمی کتاب میلہ 2026دیکھنے گئے۔ اس دوران جناب شاہ مختلف اسٹالس پر گئے اور انھوں نے ناشروں، مصنّفین اور کتاب میلہ دیکھنے آئے لوگوں سے بات چیت کی۔ تعلیم کے محکمے کے وزیر دھرمیندر پردھان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ 53واں عالمی کتاب میلہ کَل اختتام پذیر ہوجائے گا۔x

## World Book Fair

نئی دلّی میں جاری عالمی کتاب میلے میں مختلف زبانوں اور مضامین سے متعلق کتابیں سبھی عمر کے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کر رہی ہیں۔ یہاں لگے کئی اسٹالس میں سے اردو زبان کے فروغ سے متعلق قومی کونسل کا اسٹال خصوصی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے، جسے دیکھنے بڑی تعداد میں لوگ آرہے ہیں۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے

**VC Nargis Book Fair**

## World Economic Forum Outlook

عالمی اقتصادی فورم کے تازہ سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ جنوبی ایشیا تجارتی سطح پر بڑھتی غیریقینی کے باوجود ابھرتے ہوئے خطوں کے درمیان ترقی کا اہم مرکز بنا ہوا ہے۔ آئندہ ہفتے Davos کی سالانہ میٹنگ سے پہلے یہ انکشاف ہوا ہے۔ سرکردہ ماہرِ اقتصادیات کے نقطۂ نظر کے مطابق بھارت روزگار کے سلسلے میں رکاوٹوں کو دور کرکے اصلاحات کی اپنی راہ پر مسلسل گامزن ہے۔ ترقی کے سلسلے میں امکانات کے حوالے سے ماہرِ اقتصادیات نے جنوبی ایشیااورمشرقی ایشیا میں رفتار کے تیزہونے اور یوروپ میں کمزور سے اوسط رفتار رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

## Hajj Pilgrimage

اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے عازمینِ حج کو اپنی بُکنگ اور دیگر دستاویزات مکمل کرنے کیلئے اِس مہینے کی 25تاریخ تک توسیع کردی ہے۔ وزارت نے یہ واضح کردیا ہے کہ اس کے بعد مزید وقت نہیں دیا جائے

گا۔ اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے عازمین حج کو یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ وہ اپنے درست پاسپورٹ، حج گروپ منتظم یا متعلقہ دفتر کے پاس جمع کرادیں اور Nusuk پورٹل پر اپنے رجسٹریشن کی تفصیل مہیا کریں۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل اترپردیش میں گھنے سے بہت گھنے کُہرے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران، دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور بہار میں کہیں کہیں گھنا کُہرا چھائے رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ کَل تک جموں وکشمیر، لداخ، اتراکھنڈ، مغربی بنگال اور سکم میں اِسی طرح کا موسم رہے گا۔x

**Hydrogen and Ammonta Plant**

آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرابابو نائیڈو نے کہا ہے کہ ریاست کے ماحول کیلئے سازگار توانائی سے متعلق اہداف وزیر اعظم نریندر مودی کے 500 گیگاواٹ کے قابل تجدید توانائی کے نظریے سے مطابقت رکھتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان کے ہمراہ آج کاکی ناڑہ میں AM گرین ہائیڈروجن اور گرین اَمونیا پلانٹ میں سازوسامان کو نصب کئے جانے کی پہلی اہم تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب نائیڈون نے کہا کہ یہ دنیا کا سب سے بڑا گرین ہائیڈروجن اور گرین اَمونیا پروجیکٹ ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آندھراپردیش میں ماحول کیلئے سازگار توانائی کے معاملے میں کافی صلاحیت موجود ہے۔x

**Jaipur Coomonwealth Parliamentarians**

دولت مشترکہ کے 40 ملکوں سے تعلق رکھنے والے 120 ارکان پر مشتمل ایک پارلیمانی وفد، دو دن کے دورے پر آج جے پور پہنچا۔ اِس وفد میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکرز، ممبر اور اعلیٰ پارلیمانی عہدیدار شامل ہیں۔ راجستھان اسمبلی کے اسپیکر واسو دیو دیونانی نے جے پور بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔ یہ مندوبین، تاریخی Amer کا قلعہ دیکھنے گئے جہاں اُن کا روایتی راجستھانی انداز سے استقبال کیا گیا۔ وفد کے ارکان کو اِس قلعے کی راجپوت دور کی تاریخ سے واقف کرایا گیا۔ وفد کے ارکان نے وہاں دیوانِ عام، دیوانِ خاص، گنیش Pol، شیش محل اور مان سنگھ پیلیس سمیت اہم مقامات کو دیکھا۔ x

**Goyal British Columbia**

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج کناڈا کے برٹش کولمبیا کے وزیر اعظم David Eby سے بھارت–کناڈا اقتصادی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب گوئل نے کہا کہ طرفین نے تجارت وسرمایہ کاری میں اشتراک بڑھانے اور اہم معدنیات، مینوفیکچرنگ، ماحول کیلئے سازگار توانائی، ٹیکنالوجی، تعلیم، دفاع اور اختراع جیسے شعبوں میں اشتراک کے امکانات تلاش کرنے پر بات چیت

کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں نے نئے امکانات تلاش کرنے اور تعلقات کو مستحکم کرنے سے متعلق مسلسل رابطوں کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا۔x

**Egypt Vardhan Kite Fest**

امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے مصر کی راجدھانی قاہرہ میں ایک پتنگ فیسٹول میں شرکت کی، جس کا اہتمام وہاں آباد، بھارت نژاد افراد نے کیا تھا۔ انہوں نے بیرون ملک، بھارتی ثقافت کو فروغ دینے میں بھارتی برادری کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے مصر کے وزیر خارجہ بدر عبد العاطی سے بھی ملاقات کی اور بھارت–مصر کلیدی ساجھیداری کو مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کیا۔ x

**WPL Cricket Result**

خواتین پریمیر لیگ WPL کرکٹ میں نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی اسٹیڈیم میں یوپی واریئرس نے ممبئی انڈینس کو 22رن سے ہرا دیا۔ ممبئی انڈینس کو جیت کیلئے 188رن کا نشانہ ملا تھا اور اُن کی ٹیم مقررہ 20اوورس میں 6وکٹ پر محض 165رن ہی بنا سکی۔ اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے یوپی واریئرس نے مقررہ 20اوورس میں 8وکٹ کے نقصان پر 187رن بنائے تھے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆